روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 10راگست 2007ء 25 رجب 1428ہجری 10 ظہور 1386ہش جلد 57-92 نمبر 181

نماز کے بعد کی دعا

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نماز سے سلام پھیرنے کے بعد یہ دعا پڑھتے تھے۔اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔بادشاہت اور حمد اسی کیلئے ہے اور وہ ہر امر پر قادر ہے۔اے اللہ تیری عطا کو کوئی روک نہیں سکتا۔اور جو تو روک دے وہ کوئی عطا نہیں کرسکتا اور کسی بزرگی والے کی بزرگی تیرے مقابلہ میں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب الدعاء بعد الصلوٰۃ حدیث نمبر:5855)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دعا کی مثال ایک چشمۂ شیریں کی طرح ہے جس پر مومن بیٹھا ہوا ہے۔وہ جب چاہے اس چشمہ سے اپنے آپ کو سیراب کرسکتا ہے۔جس طرح ایک مچھلی بغیر پانی کے زندہ نہیں رہ سکتی اسی طرح مومن کا پانی دعا ہے کہ جس کے بغیر وہ زندہ نہیں رہ سکتا۔اس دعا کا ٹھیک محل نماز ہے جس میں وہ راحت اور سرور مومن کو ملتا ہے کہ جس کے مقابل ایک عیاش کا کامل درجہ کا سرور جو اسے کسی بدمعاشی میں میسر آسکتا ہے۔ہیچ ہے۔بڑی بات جو دعا میں حاصل ہوتی ہے وہ قرب الٰہی ہے۔دعا کے ذریعہ ہی انسان خدا تعالیٰ کے نزدیک ہوجاتا اور اسے اپنی طرف کھینچتا ہے۔جب مومن کی دعا میں پورا اخلاص اور انقطاع پیدا ہوجاتا ہے۔تو خدا کو بھی اس پر رحم آجاتا ہے اور اس کا متولی ہوجاتا ہے اگر انسان اپنی زندگی پر غور کرے تو الٰہی تولّی کے بغیر انسانی زندگی قطعاً تلخ ہوجاتی ہے۔دیکھ لیجئے۔جب انسان حدِّ بلوغت کو پہنچتا ہے اور اپنے نفع نقصان کو سمجھنے لگتا ہے تو نامرادیوں ناکامیوں اور قسما قسم کے مصائب کا ایک لمبا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔وہ ان سے بچنے کے لئے طرح طرح کی کوششیں کرتا ہے۔دولت کے ذریعہ اپنے تعلق حکام کے ذریعہ،قسما قسم کے حیلہ وفریب کے ذریعہ وہ بچاؤ کے راہ نکالتا ہے،لیکن مشکل ہے کہ وہ اس میں کامیاب ہو۔بعض وقت اس کی تلخ کامیوں کا انجام خودکشی ہوجاتی ہے۔اب اگر ان دنیاداروں کے غموم وہموم اور تکالیف کا مقابلہ اہل اللہ یا انبیاء کے مصائب کے ساتھ کیا جاوے تو انبیاء علیہم السلام کے مصائب بمقابل اول الذکر جماعت کے مصائب بالکل ہیچ ہیں لیکن یہ مصائب وشدائد اس پاک گروہ کو رنجیدہ یا محزون نہیں کرسکتے۔ان کی خوشحالی اور سرور میں فرق نہیں آتا۔کیونکہ وہ اپنی دعاؤں کے ذریعہ خدا تعالیٰ کی تولی میں پھر رہے ہیں۔

(ملفوظات جلد چہارم ص45)

دعا اور توجہ میں ایک روحانی اثر ہے جس کو طبعی لوگ جو صرف مادی نظر رکھنے والے ہیں نہیں سمجھ سکتے۔سنت اللہ میں دقیق در دقیق اسباب کا ذخیرہ ہے جو دعا کے بعد اپنا کام کرتا ہے۔نیند کے واسطے طبعی اسباب رطوبات کے بیان کئے جاتے ہیں مگر بہت دفعہ آزمائش کی گئی ہے کہ بغیر رطوبات کے اسباب کے ایک نیند سی آجاتی ہے اور ایک حالت طاری ہوتی ہے جس میں سلسلہ الہامات کا وارد ہوتا ہے اور وہ بعض اوقات ایسا لمبا سلسلہ ہوتا ہے کہ انسان بار بار اپنے رب سے سوال کرتا ہے اور رب جواب دیتا ہے۔ایسا ہی بعض مادی لوگوں نے چند ظاہر اسباب کو دیکھ کر فتویٰ لگا لیا ہے کہ اب زلازل کا خاتمہ ہے اور دوسو سال تک یہاں کوئی زلزلہ نہیں آئے گا۔لیکن یہ لوگ دراصل اللہ تعالیٰ کے باریک رازوں اور اسباب سے بے خبر ہیں۔وہ ظاہر عالم اسباب کو جانتے ہیں لیکن اس کا ایک باطنی عالمِ اسباب بھی ہے ؎

فلسفی کو منکرِ حنّانہ است
از حواسِ اولیاء بیگانہ است

اس جہان کے لوگ جب فتنہ وفساد کی کثرت کو دیکھ کر اس کی اصلاح سے عاجز آجاتے ہیں تب اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کو ایسے قویٰ عطا کرتے ہیں جن کی توجہ سے سب کام درست ہوجاتے ہیں۔یہاں تک کہ دعا کے ذریعہ سے عمریں بڑھ جاتی ہیں۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 306)

محترمہ صاحبزادی امۃ العزیز
بیگم صاحبہ انتقال فرماگئیں

احباب جماعت کو افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود کی پوتی،حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی بیٹی،حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کی بہو اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خالہ محترمہ صاحبزادی امۃ العزیز بیگم صاحبہ اہلیہ محترم صاحبزادہ مرزا حمید احمد صاحب مورخہ 7۔اگست 2007ء کو پونے بارہ بجے دن فضل عمر ہسپتال ربوہ میں بعمر تقریباً86 سال انتقال فرماگئیں۔

آپ کی نماز جنازہ اگلے دن بیت مبارک میں بعد نماز عصر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے پڑھائی۔بہشتی مقبرہ کی اندرونی چار دیواری میں تدفین عمل میں آئی،قبر تیار ہونے پر دعا بھی محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے ہی کرائی۔

آپ حضرت ام ناصر کے بطن سے قادیان میں پیدا ہوئیں۔اپنے والد ماجد حضرت مصلح موعود کے زیر سایہ تعلیم وتربیت کے ابتدائی مراحل طے کئے،بہت نیک پارسا اور دعاگو خاتون تھیں۔جماعتی خدمات میں ہمیشہ آگے سے آگے قدم بڑھاتی رہیں،پہلے نائب صدر لجنہ اماء اللہ لاہور اور پھر 17 سال تک صدر لجنہ اماء اللہ لاہور کے عہدہ پر خدمات کی توفیق پائی۔1983ء میں ربوہ آنے پر اس عہدہ سے سبکدوش ہوئیں۔حضرت مسیح موعود کے تبرکات میں سے سبز کوٹ آپ کے خاوند محترم صاحبزادہ مرزا حمید احمد صاحب کے حصہ میں آیا تھا۔جو آپ نے خلافت سلسلہ کو ہبہ کر دیا عالمی بیعت کے موقع پر پہلے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور اب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

(باقی صفحہ 11پر)

اپرنٹس نرسز کی آسامیاں

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں نرسنگ کی تربیت کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ایسے احمدی طلباء وطالبات جو خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مورخہ 17۔اگست 2007ء تک

باقی صفحہ 11پر

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 445)

سادات کے ایک ''بہشتی خاندان'' کا سربراہ

ایڈووکیٹ میاں عطاء اللہ صاحب سابق امیر جماعت احمدیہ راولپنڈی (1899ء۔ 27جنوری 1969ء) ''بہشتی خاندان'' کے سربراہ حضرت ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب (1862ء ۔ 22جون 1937ء) کے خاص محبین میں سے تھے اور خود بھی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے عشاق میں سے تھے۔آپ کے وصال پر بطل احمدیت حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خاں صاحب نے تعزیتی مکتوب میں لکھا:۔

''مرحوم ایک نہایت بزرگ اور ممتاز ہستی تھے۔ ....اس عاجز کے ساتھ انہیں شدید اخلاص تھا اور باوجود خاکسار کی بیشمار کوتاہیوں اور عیوب کے خاکسار پر بے حد حسن ظن رکھتے تھے۔سلسلہ عالیہ احمدیہ کے نہایت مایۂ ناز فرزند اور نہایت مخلص خادم تھے۔قول وفعل میں نہایت بلند معیار پر قائم تھے۔ تقویٰ کی باریک در باریک راہوں کی جستجو رکھتے تھے اوران پر گامزن رہنے کی سعی کرتے تھے۔ان کا وجود ہر پہلو سے بیشمار برکات کا حامل تھا۔''

(تابعین رفقاءاحمد جلد ہشتم تالیف ملک صلاح الدین صاحب ایم۔اے درویش مرحوم الناشر احمدیہ بک ڈپو اشاعت مارچ 1976ء)

میاں صاحب کے قلم سے ''حضرت ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب کی یاد میں'' کے زیرعنوان ایک حقیقت افروز مضمون الفضل 10 جنوری 1969ء صفحہ 3-4 پر شائع ہوا جس کا ایک حصہ ہدیہ قارئین کرتا ہوں۔تحریر فرماتے ہیں۔

''حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے ایسے ایسے پاک فطرت اور سراپا نور وجود عطا فرمائے کہ ان کی مثال صدر اول کے بعد کسی زمانہ میں بھی نہیں ملتی۔ بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ایسے بزرگ چند ایک نہ تھے۔ **یہ چمکتے ہوئے موتیوں کی طرح ایک کان تھی کہ جس طرف دیکھیں آنکھیں نور سے چندھیا جاتی تھیں اوراب جب کہ وہ خدا کو پیارے ہو گئے تو ان کی یاد بے اختیار آنکھوں میں آنسو لے آتی ہے۔** آج میں یہ سطور حضرت ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب کے متعلق لکھ رہا ہوں۔

حضرت شاہ صاحب بڑے پاک صورت، جاذب شکل، پُرکشش اور بڑے ہی پاک سیرت بزرگ تھے۔آپ قصبہ کلر سیداں ضلع راولپنڈی کے ایک مشہور سید خاندان کے بزرگ تھے۔اللہ تعالیٰ نے آپ کی ساداتی کو اس درجہ نوازا کہ (۔) حضرت مسیح موعود کے ساتھ آپ کے خاندان کو اس طرح ملا دیا کہ دونوں خاندان ایک ہو گئے۔ حضرت شاہ صاحب کو اس بات کی بڑی خوشی تھی کہ حضرت مسیح موعود نے آپ کی ساداتی کو تسلیم کیا۔

مجھے جو بات آج بہت یاد آ رہی ہے وہ یہ ہے کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے میری اسی فیصدی دعائیں قبول کی ہیں۔ آجکل دہریت کی نہایت درجہ مسموم ہوا اتنی پھیل رہی ہے کہ سانس لینا دشوار ہو گیا ہے۔ دہریہ سائنس دان اور ٹیکنالوجسٹ برملا و بے محابہ یہ کہتے ہیں کہ تمام وہ باتیں جو پہلے بلحاظ اسباب سمجھ میں نہیں آ سکتی تھیں اب ان کے سلسلہ علت پر سائنس نے قابو پا لیا ہے اور کوئی بات ایسی نہیں جس کی وجہ قوانین قدرت کے اندر ہمیں معلوم نہ ہو اور ہمیں کسی مابعدالطبیعاتی وجود کی طرف نگاہ کرنا پڑے۔

قبولیت دعا کے واقعات حضرت مسیح موعود اور آپ کے رفقاء کی زندگیوں میں اتنے ہیں کہ ان کا شمار نہیں ہوسکتا۔عموماً مذہبی تحریکات کی کامیابی کی وجہ یہ لوگ اس بات کو سمجھتے ہیں کہ ایک نیا مقصد ماننے والوں کے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور اس کی وجہ سے ان ماننے والوں میں ایسا اتحاد نظر آتا ہے جس کی مثال اور کسی جگہ نہیں ملتی اور اس اتحاد کی وجہ سے ایک نئی قوت اور نیا زور اس جماعت کے اندر آجاتا ہے اور یہی ان کی کامیابی کی کلید ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ دعا ٹیلیفون پر ایک ایسا پیغام ہے جو دیا جاتا ہے اور ٹیلیفون کے دوسرے سرے پر کوئی سننے والا اور جواب دینے والا نہیں ہوتا۔قبولیت توہّم ہے۔ یہ ایک خطرناک چیلنج ہے اور اس کا جواب صرف احمدیت ہی دے سکتی ہے اور ایسے نشانات و واقعات پیش کرسکتی ہے کہ وہ منکرین کا منہ بند کر دے۔ شاید اس وقت تک ہماری بھی کچھ غفلت ہے کہ ہم نے اپنے سامان کو ترتیب کے ساتھ اور سائنٹیفک طریق سے ان لوگوں کے سامنے پیش نہیں کیا ورنہ یہ زہر خود بخود ختم ہو جاتا۔

حضرت شاہ صاحب کی اسی فیصدی مقبول دعاؤں میں کیا کچھ نہ ہوگا۔ کاش دہریت کا زہر پھیلانے والے اس تریاق کی طرف بھی توجہ کریں اور قبولیت کے سینکڑوں دوسرے پہلو بھی ان کی نگاہ میں آئیں۔

حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ مجھے اگر جوتی کے تسمہ کی بھی ضرورت ہو تو میں دعا کرتا ہوں اور دعا پر ہی مجھے وہ چیز ملتی ہے۔ حضرت شاہ صاحب بھی اس کثرت سے دعائیں کرتے تھے کہ ہر چھوٹی سے چھوٹی ضرورت کے لئے دعا فرماتے تھے۔لیکن ان اسی فیصدی دعاؤں میں زندگی کے اہم واقعات بھی شامل ہوتے تھے جن کے ذریعہ سے خداتعالیٰ کا چہرہ نظر آ سکتا ہے۔......

حضرت شاہ صاحب ڈاکٹر تھے اور آپ کی زندگی کا ایک بڑا حصہ رعیہ کے ہسپتال میں گزرا۔ آپ کی اولاد دینی اور دنیاوی وجاہت کی مالک تھی۔حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب، ڈاکٹر میجر سید حبیب اللہ صاحب، حافظ سید عزیز اللہ شاہ صاحب اور سید محمود اللہ شاہ صاحب اور سید عبدالرزاق شاہ صاحب آپ کے بیٹے تھے۔آپ کی صاحبزادی ام طاہر صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے حضرت المصلح الموعود کی زوجیت کا فخر بخشا اور پھر ان کی وفات پر آپ کی ایک پوتی محترمہ سیدہ مہر آپا صاحبہ (بنت سید عزیز اللہ شاہ صاحب مرحوم) کو یہی سعادت نصیب ہوئی۔لیکن ان کی دنیوی وجاہت کے ساتھ ساتھ ان کو ایسی تربیت ملی تھی کہ میں جب بھی سوچتا ہوں حیران ہو جاتا ہوں کہ یہ لوگ کیا تھے۔حضرت سید عزیز اللہ شاہ اور محمود اللہ شاہ صاحبان کے ساتھ پڑھنے کا تعلیم الاسلام ہائی سکول میں مجھے بھی شرف حاصل ہوا۔حضرت سید محمود اللہ شاہ صاحب نے مجھے سنایا کہ جب حضرت شاہ صاحب گھر تشریف لاتے تو فرماتے کہ آج فلاں فلاں مریض کو تکلیف ہے ان کو جا کر دباؤ اور ان مریضوں میں مسلمان ہی نہیں ہندو اور سکھ بھی شامل تھے اور ان لوگوں کی صفائی کا معیار مجھے بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔لیکن یہ پاک صورت و پاک سیرت، سعادت مند نوجوان، حافظ قرآن، مریضوں کی یہ خدمت کیا کرتے تھے۔ یہ خدمت نفس کو قابو میں رکھنے کے لئے کافی سے زیادہ ہے اور خودی اور خود پسندی کا کچھ بھی باقی نہیں رہ جاتا۔

ملازمت سے ریٹائرڈ ہوکر حضرت شاہ صاحب نور ہسپتال میں مفت کام کرتے تھے اور ان کا رتبۂ بلند قادیان دارالامان کے ہر کس و ناکس کو معلوم تھا۔لیکن ان کی نظر انتخاب اپنی رفاقت کے لئے حضرت حافظ محمد ابراہیم صاحب جو محلّہ دارالفضل میں رہتے تھے، پر پڑی تھی اور یہ نظارہ آج بھی میری آنکھوں کے سامنے ہے کہ حضرت شاہ صاحب حضرت حافظ صاحب کا بازو پکڑے انہیں بہشتی مقبرہ لے جارہے ہوتے۔ آسمان کے فرشتے یہ نظارہ دیکھ کر کس قدر خوش ہوتے ہوں گے کہ حضرت شاہ صاحب کو اپنی دنیوی عزت و وجاہت کا ذرہ برابر بھی خیال نہیں اور جہاں روحانی اتحاد میسر آیا وہیں رفاقت پیدا کرلی۔

ایک دفعہ حضرت شاہ صاحب (بیت) دارالرحمت میں تشریف فرما تھے تو میں نے عرض کیا کہ حافظ شیراز مجھے شاعر ہی معلوم ہوتے ہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا۔ ایسا ہرگز نہ کہنا۔ مجھے بعد میں معلوم ہوا کہ حضرت مسیح موعود کے زیرمطالعہ تین کتب ہوا کرتی تھیں۔ مثنوی مولانا روم، تذکرۃ الاولیاء مصنفہ فریدالدین عطار اور دیوان حافظ۔

1927ء میں میرے ہاں پہلا لڑکا عزیزم ڈاکٹر محمد طاہر پیدا ہوا اور ابھی سات دن کا تھا کہ بیمار ہو گیا۔ ان دنوں حضرت شاہ صاحب محلّہ دارالرحمت میں قیام فرما تھے۔میں حاضر خدمت ہوا اور مدعا بیان کیا۔آپ میرے ساتھ چل پڑے اور فیس تو کیا لینی تھی اس بچہ کو ہدیہ بھی عطا فرمایا۔''

حضرت مسیح موعود نے اپنے مقدس کلام میں اہل اللہ کا تذکرہ نہایت دلکش اور وجد آفریں انداز میں کیا ہے۔فرماتے ہیں ؎

عاشق جو ہیں وہ یار کو مر مر کے پاتے ہیں
جب مر گئے تو اس کی طرف کھینچے جاتے ہیں
زندہ وہی ہیں جو کہ خدا کے قریب ہیں
مقبول بن کے اس کے عزیز و حبیب ہیں

تقریب رخصتانہ

۞ مکرم فضیل عیاض احمد شاہد مربی سلسلہ احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 5اگست 2007ء کو الرفیع بینکوئٹ ہال میں مکرمہ شازیہ تنویر صاحبہ بنت مکرم منیر احمد منور مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ پولینڈ کی تقریب رخصتانہ کا انعقاد ہوا۔بارات شیخوپورہ سے شام سات بجے ربوہ پہنچی۔دلہا مکرم رائے عبدالوحید صاحب مکرم رائے منیر احمد صاحب مرحوم آف میرا پور ضلع شیخوپورہ کے صاحبزادے ہیں۔آپ مکرم ملک امان اللہ مربی سلسلہ کے بھانجے اور مکرم حکیم عطاء اللہ صاحب آف چوڑہ سکھر ضلع شیخوپورہ کے نواسے ہیں ۔دلہن محترم شیخ سعید احمد صاحب تخت ہزاروی آف شیخوپورہ کی پوتی اور حضرت پیر محمد صاحب تخت ہزارہ رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔تلاوت ونظم کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے دعا کروائی۔مورخہ 6۔اگست کو شیخوپورہ میں دعوت ولیمہ ہوئی مکرم پروفیسر عبدالحمید بھٹی صاحب امیر ضلع شیخوپورہ نے دعا کروائی۔ تمام احباب وخواتین اس رشتہ کے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

۞ مکرم خالد محمود مجید صاحب ڈنگہ ضلع گجرات مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کی بہن مکرمہ عابدہ تبسم صاحبہ اہلیہ مکرم بشارت محمود صاحب نیویارک امریکہ کو مورخہ 3۔اگست 2007ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔جس کا نام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تاشف محمود عطا فرمایا ہے۔نومولود مکرم مجید احمد صاحب دارالنصر غربی اقبال ربوہ کا نواسہ اور مکرم غلام نبی صاحب دارالنصر وسطی ربوہ کا پوتا ہے۔نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ نیز صحت وتندرستی، خیر وبرکت والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی شخصیت اور خدمات کے تذکرے

دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کے قیمتی خیالات اور قابل قدر مشورے

اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے غیر معمولی بندے ہوتے ہیں جو قدرت کی عطا کردہ خاص صلاحیتوں کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لاتے ہوئے بنی نوع انسان کی تعمیر و ترقی میں حصہ لیتے ہیں اور اپنا نام بھی روشن کرتے ہیں۔ایسی تاریخ ساز شخصیات کو ایک زمانہ یاد رکھتا ہے اور ان کے تذکرے تحسین و شکرگزاری کے ساتھ تازہ ہوتے رہتے ہیں۔ایسے ہی نادر وجودوں میں سے ایک ڈاکٹر عبدالسلام تھے جنہوں نے اپنی خداداد صلاحیتوں اور لیاقتوں سے سائنس کی دنیا میں نام پیدا کیا اور اپنے وطن عزیز پاکستان، پوری دنیا نیز تیسری دنیا کی بہتری اور ترقی کے لئے دردمندی کے ساتھ بھرپور طریقے سے عملی اقدامات کئے۔ گو ان کے بے لوث جذبۂ خدمات اور مساعی سے اپنوں نے پوری طرح فائدہ نہیں اٹھایا لیکن ڈاکٹر عبدالسلام آخری سانس تک اپنی قوم اور ملت کے لئے خدمت کے جذبہ سے سرشار اور بےقرار رہے۔

پہلے پاکستانی سائنسدان

انگریزی روزنامہ ’’ڈیلی ٹائمز‘‘ نے 22 نومبر 2006ء کی اشاعت میں ایک اداریہ بعنوان ’’ڈاکٹر سلام کے ساتھ ہمارے سلوک کا المیہ لکھا ہے جس کا آغاز ان الفاظ سے ہوتا ہے۔(ترجمہ)

ڈاکٹر عبدالسلام (1926ء- 1996ء) دس سال قبل انتقال کر گئے۔ 1979ء میں نوبیل پرائز حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی تھے۔لیکن وہ آخری بھی ثابت ہو سکتے ہیں اگر ہم نے اپنے ملک کو اسی ڈگر پر آگے بڑھنے دیا جو باقی دنیا کے لئے خوف وہراس کا باعث ہے۔ہماری مجموعی سوچ سائنسی تحقیق کی بجائے طے شدہ ’’عقل و دانش‘‘ کے مطابق چلتی ہے۔

مثالی تعلیمی ریکارڈ

متذکرہ بالا اداریہ (مطبوعہ ڈیلی ٹائمز) میں ڈاکٹر صاحب موصوف کے جذبہ خدمت کی بےقدری کا ذکر کرنے کے بعد ڈاکٹر سلام صاحب کی تعلیم اور امتحانات میں امتیازی کامیابی اور ریکارڈ کے متعلق تحریر کیا گیا ہے:۔

عبدالسلام صاحب 1926ء میں جھنگ میں پیدا ہوئے۔ چودہ سال کی عمر میں پنجاب کے میٹرک کے امتحان میں انہوں نے ایسے اعلیٰ نمبر حاصل کئے جنہوں نے نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ سارا شہر ان کے استقبال کے لئے گھروں سے نکل آیا۔ انہوں نے گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلے کے لئے سکالرشپ جیتا اور 1946ء میں ایم۔اے کی ڈگری حاصل کی۔ اسی سال انہیں سینٹ جان کالج کیمبرج کے لئے سکالر شپ دیا گیا جہاں پر انہوں نے 1949ء میں ریاضی اور طبیعات میں ڈبل فرسٹ کے ساتھ بی۔اے (آنرز) کی ڈگری حاصل کی۔ 1950ء میں انہوں نے فزکس کے میدان میں نمایاں ترین Pre.Doctoral (ڈاکٹریٹ سے پہلے کا درجہ) خدمات کے سلسلہ میں کیمبرج سے Smith Prize حاصل کیا۔انہوں نے کیمبرج سے نظریاتی طبیعات میں پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری بھی حاصل کی۔ان کا تھیسس (Thesis) جو 1951ء میں شائع ہوا اس میں Quantum Electrodynamics کے متعلق بنیادی کام شامل تھا جس کی وجہ سے انہیں پہلے ہی بین الاقوامی شہرت حاصل ہو چکی تھی۔

(ڈیلی ٹائمز 22 نومبر 2006ء)

پاکستان میں عظیم ذمہ داریوں کا تذکرہ

مذکورہ بالا اداریہ میں 1974ء کی اسمبلی کے احمدیوں کے خلاف فیصلہ دینے سے قبل کے زمانہ کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر سلام کے متعلق لکھا ہے:۔

............ڈاکٹر سلام پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ممبر۔ پاکستان کے سائنسی کمیشن کے رکن اور 1961ء سے لے کر 1974ء تک صدر پاکستان کے سائنسی مشیر اعلیٰ کے منصب پر فائز تھے۔ پاکستان کی خلائی تحقیق کے ادارہ سپارکو کی بنیاد انہوں نے ہی رکھی تھی............

(’’ڈیلی ٹائمز‘‘ مورخہ 22 نومبر 2006ء)

فروتنی و انکساری کا پیکر

پاکستان کے ایک سابق سفارتکار خالد حسن (حال نمائندہ ’’ڈیلی ٹائمز‘‘ مقیم امریکہ) کا ایک مضمون بعنوان ’’ڈاکٹر سلام کی یادیں‘‘ انگریزی اخبار ’’ڈیلی ٹائمز‘‘ مورخہ 26 نومبر 2006ء کو شائع ہوا ہے۔ اس میں انہوں نے ڈاکٹر سلام صاحب کی انکساری کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دو آنکھوں دیکھے واقعات بیان کئے ہیں:۔

ڈاکٹر سلام کی سب سے پیاری خوبی ان کی انکساری اور مزاج کی حس تھی۔ 1980ء کی دہائی میں وہ کسی نہ کسی امریکی ادارے سے مشاورت کرنے اور ساتھ ہی اپنے چھوٹے بھائی ماجد جو اقوام متحدہ کی صنعتی ترقی کی تنظیم کے ساتھ بطور تکنیکی ماہر منسلک تھے، سے ملنے کے لئے وقتاً فوقتاً ویانا آتے رہتے تھے۔ ویانا میں اقوام متحدہ کی عمارت دریائے ڈینیوب (The Danube) کے دائیں کنارے پر واقع ہے اور اس کے مدخل کے ساتھ ہی ایک بڑی سی گنبد والی مدّور عمارت تھی۔ ایک دن میں اپنے ایک دوست کے ساتھ اس کے پاس سے گزر رہا تھا کہ میں نے ڈاکٹر سلام کو دیکھا وہیں سے سلام کرتے ہوئے کہا ’’ڈاکٹر صاحب‘‘ وہ رک گئے اور ہم مدّور عمارت کے نیچے دیر تک کھڑے ہو کر ادھر ادھر کی باتیں کرتے رہے۔ جو زیادہ تر پاکستان سے متعلق تھیں۔ میں نے اپنے ساتھی کا تعارف کرایا جس سے انہوں نے بڑی گرمجوشی سے مصافحہ کیا۔ بعد میں میرے دوست نے دریافت کیا کہ یہ کون صاحب تھے۔ میں نے بتایا کہ یہ ڈاکٹر سلام تھے۔ میرے دوست نے حیرت سے کہا ’’میرے خدایا! تو یہ ڈاکٹر سلام تھے! لیکن وہ کس قدر منکسر المزاج ہیں! میں نے اتنا سادہ مزاج انسان کبھی نہیں دیکھا۔‘‘ میں نے کہا ’’میرے دوست! تم ابھی ابھی بیسویں صدی کے ایک عظیم ماہر طبیعات سے ملے ہو۔‘‘ ڈاکٹر سلام انتہائی بےنفس انسان تھے۔

(ڈیلی ٹائمز 26 نومبر 2006ء)

آپ نے داڑھی رکھ لی

صاحب مضمون لکھتے ہیں:

1975ء میں جب میں اوٹاوہ (کینیڈا) میں پاکستانی سفارت خانہ میں خدمات انجام دے رہا تھا تو مجھے معلوم ہوا کہ ڈاکٹر سلام کینیڈا کے سرکاری عہدیداران کے ساتھ بات چیت کرنے کے سلسلہ میں آرہے ہیں............ میں ان کے استقبال کے لئے ائر پورٹ پر گیا اور پہلے میں ان کو پہچان نہ سکا کیونکہ انہوں نے داڑھی رکھ لی تھی۔ میں نے کہا ’’آپ نے داڑھی رکھ لی ہے‘‘۔ انہوں نے جواب دیا ’’بات یہ ہے کہ جس دن ہمیں غیر مسلم قرار دیا گیا اسی دن میں نے اس سنت رسول پر عمل کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔

(ڈیلی ٹائمز 26 نومبر 2006ء)

عاجزانہ طبیعت

آگے چل کر جناب خالد حسن اپنے مندرجہ بالا مضمون میں ایک اور واقعہ سناتے ہیں:

جب تک ان کا (ڈاکٹر سلام کا) شہر میں قیام رہتا وہ سرکاری گاڑی استعمال نہیں کرتے تھے لیکن میرے اصرار کرنے پر بالآخر وہ مان گئے۔ وہ جذباتی طور پر بہت متاثر ہوئے۔ جب چند دن بعد ان کی ٹریسٹے کو واپسی ہوئی تو انہوں نے مجھے شکریے کا شفقت بھرا خط لکھا جس میں یہ بھی تحریر تھا ’’براہ مہربانی مرزا عبدالرحمٰن کو شکریہ کہیں کہ وہ مجھے گاڑی میں ادھر ادھر لے جاتے رہے۔‘‘ مرزا عبدالرحمٰن سفارت خانے کا ایک ڈرائیور تھا جو ڈاکٹر سلام کو ان کے قیام کے دوران دو دن مختلف جگہوں پر لے جاتا رہا۔ میں کسی اور پاکستانی کا تصور نہیں کر سکتا۔ جو اس طرح کا عمل دکھائے۔ کیونکہ ہم تو ان لوگوں کو کبھی دھیان ہی میں نہیں لاتے جو ہماری خدمت بجالاتے ہیں اور ان کو اس قابل نہیں سمجھتے کہ ان کی طرف کوئی توجہ دیں۔ اس طرح کی مروتیں ڈاکٹر سلام کی شخصیت کا حصہ تھیں۔ انہوں نے اپنی زندگی میں ہزاروں لوگوں کی ہر طرح کی مدد کی اور وہ ہر شخص سے برابری کا سلوک کرتے اور اسے قابل احترام سمجھتے تھے۔

اپنی جماعت کے لئے حمیت

جناب خالد حسن اپنے مضمون میں ڈاکٹر سلام کے مستعفی ہونے کا بھی ذکر کرتے ہیں:

میں نے ان سے پوچھا انہوں نے 1974ء کے (اسمبلی کے) فیصلہ کے بعد استعفیٰ کیوں دے دیا تھا؟ انہوں نے مجھے بتایا کہ یہ وہی سوال ہے جو بھٹو نے ان سے پوچھا تھا۔ سلام یہ کیا ہے؟ آپ نے سائنسی مشیر اعلیٰ کے منصب سے استعفیٰ کیوں دے دیا ہے؟ سلام نے بھٹو کو بتایا کہ ’’قومی اسمبلی کے اس فیصلہ کے بعد جس کی رو سے ان کی ساری احمدیہ جماعت کو غیر مسلم قرار دے دیا گیا ہے ان کے لئے اس کام کو جاری رکھنا ممکن نہیں‘‘۔ بھٹو نے ان سے کہا ’’لیکن سلام یہ تو سب سیاست ہے۔ مجھے کچھ وقت دو میں اسے بدل دوں گا۔ مجھ پر یقین کرو‘‘ سلام نے بھٹو سے کہا ’’ٹھیک ہے زلفی۔ میں تم پر یقین کرتا ہوں۔ لیکن جو کچھ تم نے مجھ سے کہا ہے۔ اسے سادہ کاغذ پر تحریر کردو اور یہ معاملہ ہمیشہ کے لئے ہم دونوں کے درمیان رہے گا۔ بھٹو کا جواب وہی تھا جو بھٹو کا مخصوص رنگ لئے ہوئے تھا ’’سلام! میں یہ نہیں کر سکتا۔ میں تو ایک سیاستدان ہوں۔‘‘

تیسری دنیا کی سائنسی ترقی کے لئے تڑپ

جناب خالد حسن کے مضمون کے آخری کالم میں ڈاکٹر عبدالسلام کی مسلم دنیا کے لئے فکرمندی اور سائنسی ترقی کی تڑپ اور اس کے مقابل پر مسلم ممالک کی بےحسی کا بھی ذکر موجود ہے۔

خالد حسن تحریر کرتے ہیں:

’’ویانا میں ڈاکٹر سلام نے مجھے بتایا کہ نوبیل انعام حاصل کرنے کے بعد وہ مسلم ممالک کے ہر دارالحکومت میں پہنچے اور درخواست کی کہ وہ اپنی مجموعی قومی پیداوار (GNP) کا ایک فی صد سائنسی تعلیم کے لئے مختص کریں۔ لیکن کسی نے ان کی بات نہ مانی۔‘‘

(مضمون مطبوعہ ڈیلی ٹائمز مورخہ 26 نومبر 2006ء)

دنیا بھر کی سائنسی خدمات کا مرکز

ڈاکٹر سلام نے جہاں ایک طرف اپنی بے پناہ محنت، لیاقت اور اعلیٰ سائنسی تعلیم کی وجہ سے سائنس کے میدان میں اپنا لوہا منوایا وہاں انہوں نے تیسری دنیا کے قابل سائنسدانوں کے لئے مزید اعلیٰ سائنسی استعدادوں کے حصول کی خاطر 1964ء میں ٹریسٹے (اٹلی) میں ایک بین الاقوامی مرکز برائے نظریاتی سائنس قائم کیا جس نے بے شمار سائنسدانوں کو اعلیٰ تعلیم اور معیار حاصل کرنے کے قابل بنایا اور یہ چشمہ پورے زوروشور سے جاری ہے۔ اس کی خدمات کا تذکرہ دنیا بھر میں کیا جاتا ہے اس سلسلہ میں وطن عزیز کے باخبر قلمکاروں کی کچھ تحریریں دیکھتے ہیں۔

پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے سابق سینیٹر فرحت اللہ بابر کا ایک مضمون ''عبدالسلام کی یادیں'' انگریزی اخبار ''دی نیوز'' مورخہ 25 نومبر 2006ء میں شائع ہوا ہے۔ اس میں وہ ٹریسٹے میں قائم انٹرنیشنل سینٹر برائے تھیوریٹیکل فزکس (ICTP) کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''ترقی پذیر ممالک میں سائنس کی ترویج و ترقی کے لئے سلام کی سب سے زیادہ مؤثر اور مستحسن خدمت 1964ء میں اٹلی کے شہر ٹریسٹے (Trieste) میں ICTP (نظریاتی سائنس کا بین الاقوامی مرکز) کا قیام تھا۔ وہ یہ مرکز پاکستان میں قائم کرنا چاہتے تھے لیکن ایوب خان کے مشیروں نے اس تجویز کو مسترد کر دیا اور سلام کو اسے اٹلی میں قائم کرنے پر مجبور کر دیا۔ ڈاکٹر عبدالسلام کی اپنے ملک میں قدر نہیں کی گئی لیکن دنیا بھر میں ان کی وسیع پیمانے پر تحسین و تعریف کی گئی۔ جو مرکز انہوں نے اٹلی میں قائم کیا اس کا نام ڈاکٹر سلام کے نام پر رکھ دیا گیا ہے۔ ان کی پہلی برسی (یوم وفات) کے موقع پر ایک اثر انگیز توصیفی بیان پڑھ کر سنایا گیا:۔

''آیئے ہم عبدالسلام کی وفات کے پہلے سال کے موقع پر اس غیر معمولی انسان کی عظمتوں کی یاد منائیں اور آیئے ہم اس ادارے (مرکز) کو، جس کے لئے انہوں نے اپنی اس قدر ذہنی قابلیت اور طاقت وقف کئے رکھی۔''۔ ''عبدالسلام انٹرنیشنل سنٹر فار تھیوریٹیکل فزکس'' کا نام دیں اور اس طرح ان کی یاد کو خراج تکریم و تحسین پیش کریں۔ یہ اس عظیم شخص اور اس ادارے (مرکز) دونوں کی خاطر صحیح اقدام ہوگا۔

(''دی نیوز'' مورخہ 25 نومبر 2004ء)

قوم کے لئے سرمایہ افتخار

انگریزی روزنامہ 'ڈان، میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور میں منعقدہ ایک تقریب کی ایک رپورٹ بعنوان ''ڈاکٹر سلام کو خراج تحسین'' شائع ہوئی ہے۔ اس تقریب میں تقریر کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر خالد آفتاب نے کہا کہ ''پروفیسر ڈاکٹر سلام ایک عظیم استاد اور تحمل و برداشت والے شخص تھے۔ ڈاکٹر سلام جیسے لوگ قوم کے لئے سرمایۂ افتخار ہوتے ہیں:۔

اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر فہیم حسین نے کہا:

''ڈاکٹر سلام انٹرنیشنل سنٹر فار فزکس (ICTP۔ اٹلی) کے بانی ڈائریکٹر تھے۔ یہ سنٹر ترقی پذیر دنیا کے سائنسدانوں کو عالمی معیار کی سہولتیں فراہم کرتا ہے اور اعلیٰ سطح کی تحقیق کو فروغ دیتا ہے۔

انہوں نے کہا: ''لگ بھگ چالیس ہزار سائنسدان ہر سال اس مرکز میں تعلیم حاصل کرنے اور کانفرنسوں اور ورک شاپس میں شرکت کرنے کے لئے آتے ہیں۔''

(ڈان مورخہ 22 نومبر 2006ء)

ترقی پذیر ممالک کی ضرورتوں کا خیال

اخبار ''ڈان'' کی 26 جون 2006ء کی اشاعت میں ڈاکٹر سلام کے متعلق اردشیر کاؤجی کا ایک فاضلانہ مضمون بعنوان ''ایسا نہ ہو کہ ہم فراموش کر دیں'' شائع ہوا ہے۔ اس کے کالم نمبر 2 میں ڈاکٹر سلام کے ٹریسٹے (اٹلی) میں قائم کردہ شہرۂ آفاق مرکز (ICTP) کے ذکر میں اے۔ کاؤس جی تحریر کرتے ہیں۔ ''انٹرنیشنل سنٹر فار تھیوریٹیکل فزکس'' (ٹریسٹے) میں جو، جس کو ڈاکٹر سلام نے خود قائم کیا، انہوں نے مشہور زمانہ Associate Ships (ماہرین اور زیر تربیت ابھرتے ہوئے سائنسدانوں کا مل کر کام کرنے) کا نظام جاری کیا جس کے ذریعہ طبیعات کے اہل نوجوان سائنسدان اپنی سالانہ تعطیلات اپنے تعلیمی میدان کے قائدین اور اپنے ہم مرتبہ ساتھیوں کے ساتھ ریسرچ کے کام میں گزارتے ہیں''۔ آگے چل کر صاحب مضمون تحریر کرتے ہیں: ان کے مرکز (ICTP) کے مقاصد یہ تھے کہ ''ترقی پذیر ممالک کی ضرورتوں کا خصوصی خیال رکھتے ہوئے نظریاتی طبیعات کے میدان میں تربیت اور ریسرچ کے ذریعہ آگے بڑھنے میں مدد کرنا۔''

(ڈان، مورخہ 2006ء۔11-26)

ڈاکٹر سلام کا فقید المثال کارنامہ

1979ء میں ڈاکٹر عبدالسلام کو جس کارنامے پر علم وسائنس کی دنیا کا سب سے بڑا اور قابل رشک انعام۔ نوبیل پرائز ملا اس کا ذکر کرتے ہوئے سابق سینیٹر فرحت اللہ بابر اپنے نگریزی مضمون ''عبدالسلام کی یادیں''، مطبوعہ ''دی نیوز'' میں لکھتے ہیں:

1979ء تک سائنسدان اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ چار بنیادی قوتیں ہیں جو ساری کائنات کو یکجا باندھنے میں کارفرما ہیں۔ سلام کی کاوش نے ثابت کر دیا کہ ان چار قوتوں میں سے دو قوتیں دراصل ایک ہی ہیں۔ اس طرح بنیادی قوتوں کی تعداد تین رہ گئی ہے۔ سلام اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ درحقیقت ایک ہی قوت ہے جو پوری کائنات میں کارفرما ہے اور یہ کہ ایک دن کوئی نہ کوئی قابل شخص یہ ثابت کرنے میں کامیاب ہو جائے گا کہ باقی کی (تین) بنیادی قوتیں بھی اصل میں ایک ہی قوت ہے''۔

آگے چل کر صاحب مضمون لکھتے ہیں:۔

''جب ان سے پوچھا گیا کہ جس عظیم کارنامے پر آپ کو نوبیل پرائز ملا۔ اس کے پیچھے کیا محرک تھا............ انہوں نے کہا کہ انہوں نے قرآن کریم کی سورہ ملک کی اس آیت سے تحریک اور رہنمائی حاصل کی تھی۔

ترجمہ:۔ ''تو رحمان کی تخلیق میں کوئی تضاد نہیں دیکھتا۔ پس نظر دوڑا۔ کیا تو کوئی رخنہ دیکھ سکتا ہے؟ نظر پھر دوسری مرتبہ دوڑا۔ تیری طرف نظر ناکام لوٹ آئے گی اور وہ تھکی ہاری ہوگی۔''

(سورہ ملک آیت نمبر 5,4)

(دی نیوز 25 نومبر 2006ء)۔

یہ لعل و جواہر کیا ہیں

اردشیر کاؤس جی اپنے مضمون مطبوعہ ''ڈان'' میں لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر سلام کو 1968ء میں ''ایٹم برائے پیس ایوارڈ'' کی جو رقم ملی اس سے انہوں نے ICTP میں مزید علم و تربیت حاصل کرنے کے لئے پاکستان سے آنے والے طبیعات کے نوجوان سائنسدانوں کے لئے فنڈ قائم کر دیا اور جو رقم انہیں نوبیل پرائز کے طور پر ملی وہ پوری کی پوری انہوں نے ICTP میں پڑھنے والے ترقی پذیر ممالک کے طبیعات کے سائنسدانوں کے نام کر دی۔ اس رقم میں سے ایک روپیہ بھی ان کی ذاتی یا خاندانی ضروریات پر خرچ نہیں ہوا۔

(ڈان مورخہ 26 دسمبر 2006ء)

امدادی اور رفاہی کاموں میں دلچسپی

یہ تو صرف دو انعامات کی رقم کا ذکر ہوا ہے۔ ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نے تقریباً سارے انعامات کی رقوم اس طرح امدادی اور رفاہی کاموں پر خرچ کر دی تھیں۔ چنانچہ معروف ادبی شخصیت زاہدہ حنا ڈاکٹر عبدالسلام کے متعلق اپنے مضمون ''مغرب تیرا شکریہ'' مطبوعہ روزنامہ ایکسپریس میں تحریر کرتی ہیں:

''دنیا نے اسے 274 سے زیادہ ایوارڈ، اعزازات اور انعامات دیئے، ان کے ساتھ ملنے والی رقوم کا تخمینہ کروڑوں ڈالر تک پہنچتا ہے۔ اس شخص نے یہ رقم اپنی ذات کی بجائے پاکستان اور تیسری دنیا کے ذہین اور ضرورت مند طلبہ کی اعلیٰ تعلیم اور تحقیق پر خرچ کی۔ یہ اس شخص کا قصہ ہے جو شہنشاہ ایران کو دی جانے والی ضیافت میں ادھڑے ہوئے جوتے پہن کر چلا گیا تھا اس لئے کہ اس کے خیال میں نئے جوتے خریدنا فضول خرچی تھی۔''

(روزنامہ ''ایکسپریس''، مورخہ 3 دسمبر 2006ء)

ڈاکٹر عبدالسلام کی شایان شان پذیرائی

سائنس کے میدان میں ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی وسیع اور عظیم الشان خدمات کا بیرون ملک شایان شان اعتراف کیا گیا۔ چنانچہ اردشیر کاؤس جی نے اپنے انگریزی مضمون ''ایسا نہ ہو کہ ہم فراموش کر دیں'' (مطبوعہ ''ڈان'' میں تحریر کرتے ہیں:

''وہ ٹریسٹے میں مقیم رہے اور اقوام متحدہ اور سٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کی طرف سے سونپے گئے مختلف پروگراموں کو پایۂ تکمیل تک پہنچاتے رہے اور اس عرصہ میں انعام پہ انعام۔ تکریم پہ تکریم حاصل کرتے رہے۔ انہیں بے شمار اکیڈمیوں اور سوسائٹیوں کا ممبر چنا گیا۔ ڈاکٹریٹ کی 27۔ اعزازی ڈگریاں دی گئیں اور ان کے دو سو پچاس سائنسی مقالہ جات شائع ہوئے۔''

(''ڈان'' مورخہ 26 نومبر 2006ء)

27 یونیورسٹیوں کی طرف سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری

مضمون نگار اسرار ایوب ڈاکٹر عبدالسلام کے متعلق اپنے مضمون ''ایک نوبیل انعام یافتہ'' (مطبوعہ روزنامہ ''خبریں'' 5 دسمبر 2006ء) میں لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر سلام صاحب کے لکھے ہوئے 250 سائنسی مقالہ جات ایسی سطح کے مستند سائنسی رسائل و جرائد میں شائع ہوئے کہ جن میں اس قسم کے دو تین مقالے چھپنے پر بھی اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری مل جاتی ہے۔ انہیں 27 بین الاقوامی یونیورسٹیوں نے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دی لیکن ایک قومی (قائداعظم یونیورسٹی انہیں یہ ڈگری دینے لگی تو چند عناصر نے ان کے غیر مسلم ہونے کی وجہ سے اس فیصلے کے خلاف ایسے شدید ردعمل کا مظاہرہ کیا کہ یونیورسٹی کو اپنا فیصلہ بدلنا پڑ گیا۔''

(روزنامہ ''خبریں''، مورخہ 26 مئی 2006ء ص 7)

صدر مملکت چین کی طرف سے عزت افزائی

سابق سینیٹر فرحت اللہ بابر اپنے انگریزی مضمون ''عبدالسلام کی یادیں'' مطبوعہ ''دی نیوز'' میں یہ دلچسپ و قابل رشک واقعہ بیان کرتے ہیں:۔

''ان کے بیجنگ کے دورہ کے دوران چائنیز اکیڈمی نے ان کے اعزاز میں ایک عشائیہ دیا۔ سارے پروٹوکول کو بالائے طاق رکھتے ہوئے چین کے صدر بھی ڈاکٹر سلام کی عزت افزائی کے لئے

عشائیہ میں شامل ہونے کے لئے پہنچ گئے۔

(دی نیوز، مورخہ 25 نومبر 2006ء)

شمع وطن کا پروانہ

ڈاکٹر عبدالسلام ایک سچے محبّ وطن اور پاکستان کے عظیم سپوت تھے۔ آپ نے ساری عمر پاکستان کا سبز پاسپورٹ رکھنے پر فخر کیا اور ہر جگہ اپنی پہچان بطور پاکستانی کرائی۔ ماضی قریب کے ملکی اخبار کے حوالوں سے ان کی پاکستان کے لئے سچی محبت کے کچھ نمونے پیش کئے جاتے ہیں:۔

سابق سینیٹر فرحت اللہ بابر اپنے مضمون ''عبدالسلام کی یادیں''

مطبوعہ ''دی نیوز'' میں یہ حقیقت بیان کرتے ہیں:

''جب ڈاکٹر سلام کو 1979ء میں نوبیل پرائز ملا تو فوری طور پر اندرا گاندھی (سابق وزیراعظم انڈیا۔ مترجم) نے انہیں اپنے ملک آنے کی دعوت دی لیکن انہوں نے سب سے پہلے اپنے وطن پاکستان آنے کو ترجیح دی اور اس سے قبل انڈیا جانے سے انکار دیا۔ انہوں نے برطانوی یا اطالوی شہری بننے کی پیشکش کو مسترد کر دیا۔'' (دی نیوز 25 نومبر 2006ء)

استاد کے احترام و اکرام کی حد

بعد میں ڈاکٹر سلام انڈیا کے دورہ پر گئے تو اس موقع کا ایک قابل رشک واقعہ ''ڈیلی ٹائمز'' نے اپنے اداریہ میں لکھا ہے۔ آیئے پڑھتے ہیں:

''بعد میں ڈاکٹر سلام انڈیا گئے جہاں ان کا بڑی شان وشوکت کے ساتھ استقبال کیا گیا۔ وہ وہاں فقط اپنے پرائمری سکول کے ریاضی کے استاد سے ملاقات کرنے کے لئے گئے تھے۔ جو اس وقت تک حیات تھے۔ جب دونوں کی ملاقات ہوئی تو ڈاکٹر سلام نے اپنا نوبیل پرائز والا میڈل اتارا اور اپنے استاد کے گلے میں پہنا دیا۔'' (''ڈیلی ٹائمز'' مورخہ 22 نومبر 2006ء)

اپنوں کی ناقدری کی حد

معروف علمی وادبی شخصیت زاہدہ حنا اپنے مضمون ''مغرب تیرا شکریہ'' مطبوعہ روزنامہ ایکسپریس میں بڑے درد سے تحریر کرتی ہیں:

''نومبر 1996ء کو اس شخص کے ابدی نیند سونے کی خبر آ گئی۔ اس کی زندگی کا بیشتر حصہ پاکستان سے باہر گزرا، وہ بار بار یہاں آیا لیکن ہر مرتبہ اسے واپس جانا پڑا، دنیا اس کی راہوں میں آنکھیں بچھاتی تھی لیکن ہم اس سے نگاہیں چراتے تھے۔ ہمیں تو نظری طبیعات میں اس کے مجوزہ اعلیٰ تحقیقی ادارے کی بھی ضرورت نہیں تھی جو آخرکار وہ شخص اٹلی کے شہر ٹریسٹے میں قائم کرنے پر مجبور ہوا۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن اس کی کوششوں سے قائم ہوا۔''

(روزنامہ ایکسپریس 3 دسمبر 2006ء)

مضمون نگار زاہدہ حنا متذکرہ مضمون کے کالم نمبر 3 اور 4 میں لکھتی ہیں۔

''دیار غیر میں جلاوطنی کی زندگی گزارنے والے ڈاکٹر عبدالسلام سے مغرب ومشرق کی ذہانتیں استفادہ کرتی تھیں۔ لیکن اسی نوبیل انعام یافتہ سائنسدان نے جب جب اپنے ملک کا رخ کیا تو برسراقتدار خواتین و حضرات نے اسے ملاقات کا وقت نہیں دیا، معمولی سرکاری اہل کاروں نے سائنس کی ترقی کے لئے اس کی بیش قیمت تجاویز اور تعاون کے معاملات کو سرد خانے میں ڈال دیا، کراچی یونیورسٹی نے جب اسے اپنے یہاں مدعو کیا تو انتہا پسندوں نے اس کی آمد کو کفرو اسلام کی جنگ میں تبدیل کر دیا۔ آج ہم تباہی و بربادی کی جس دلدل میں دھنسے ہوئے ہیں اس کا بنیادی سبب ہماری علم دشمنی، جہل دوستی اور اپنے علماء و فضلا کی توہین وتذلیل ہے۔''

(روزنامہ ایکسپریس مورخہ 3 دسمبر 2006ء)

وطن کی مٹی گواہ رہنا

صحافی اسرار ایوب اپنے مضمون ''ایک نوبیل انعام یافتہ'' مطبوعہ روزنامہ خبریں کے تیسرے کالم میں لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر عبدالسلام نے بین الاقوامی سطح پر نوع انسانی کی بقاء اور دنیا کی ترقی کے لئے جو خدمات انجام دیں ان کے عوض وہ کسی بھی ملک میں عزت ووقار کے ساتھ دفنائے جا سکتے تھے، لیکن انہوں نے آخری آرام گاہ کے طور پر بھی پاکستان ہی کا انتخاب کیا۔ وہ وطن سے بڑی محبت کرتے تھے۔''

(روزنامہ خبریں 5 دسمبر 2006ء)

بے مثال کارنامہ سرانجام دینے والا پاکستانی سپوت

جناب اسرار ایوب اپنے متذکرہ بالا مضمون کے آخری پیراگراف میں تحریر کرتے ہیں:۔

''ان کے کارناموں کے باعث پاکستان کو تمام دنیا میں ہمیشہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا رہے گا۔ انہوں نے پاکستان کے لئے وہ کارنامہ سرانجام دیا جو کوئی دوسرا پاکستانی انجام نہیں دے سکا، لیکن ڈاکٹر صاحب کے بارے میں ہمارے ہاں تذکرہ بھی کم ہی ہوتا ہے۔ ان کے تو یوم وفات تک کا بھی پتہ نہیں چلتا۔ وہ عالمی سطح پر سائنس کے میدان میں کارہائے نمایاں سرانجام دینے والے ایسے فرد ہیں جنہوں نے اس مٹی پر جنم لیا۔''

(روزنامہ ''خبریں'' مورخہ 5 دسمبر 2006ء ص 7)

حکومت کا فرض بنتا ہے

عظیم پاکستانی سپوت ڈاکٹر عبدالسلام کے متعلق نومبر اور دسمبر 2006ء میں شائع ہونے والے متعدد مضامین میں حکومت وقت پر ڈاکٹر عبدالسلام کو پاکستان کے عظیم سپوت کا مقام دینے اور پچھلی حکومتوں کی بے انصافیوں، زیادتیوں اور بے اعتنائیوں کی تلافی کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ آیئے دو اقتباسات پڑھتے ہیں:۔

انگریزی اخبار 'ڈیلی ٹائمز' اپنے اداریہ بعنوان ''ڈاکٹر عبدالسلام کے ساتھ ہمارے سلوک کا المیہ'' کے آخری پیراگراف میں لکھا ہے:

''پاکستان کو اپنے عظیم ترین سائنسدان کے ساتھ کی جانے والی زیادتیوں کا احساس کر لینا چاہئے ...... کیا ہم ڈاکٹر سلام کی دسویں برسی کے موقع پر کوئی ایسا مستحسن اقدام کر کے، جو ان کی روح کو خوشی پہنچائے اور ہماری روح کو اجلا کر دے، سرخرو ہو سکیں گے؟

(''ڈیلی ٹائمز'' مورخہ 22 نومبر 2006ء)

قوم کی توقیر کو چار چاند

سابق سینیٹر فرحت اللہ بابر اپنے مضمون ''عبدالسلام کی یادیں'' مطبوعہ ''دی نیوز'' کے آخری پیراگراف میں رقمطراز ہیں:۔

''ڈاکٹر سلام کی دسویں برسی کے موقع پر از خود دعویٰ کرنے والے روشن خیالوں اور اعتدال پسندوں کے لشکر کو اپنے آپ سے یہ سوال کرنا چاہئے کہ کیا اس شخص کی عزت افزائی کے لئے کچھ اقدام کرنے کی ضرورت ہے۔ جس نے قوم کی توقیر کو چار چاند لگا دیئے؟''

(''دی نیوز'' مورخہ 25 نومبر 2006ء)

ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

ویریکوز وین (Varicose Veins)

ایسی بیماری جس میں رگیں سوج جائیں اور بل کھا جائیں

وجوہات۔ بچاؤ اور علاج

ویریکوز وین (Varicose Veins) دراصل ایسی رگیں ہیں جن میں سوجن ہو جائے اور وہ بل کھائی ہوئی ہوں۔ یہ جلد کی اوپری سطح کے قریب ہوتی ہیں اور نیلے رنگ میں نمایاں ہوتی ہیں۔ یہ تکلیف دہ رگیں اپنے حجم میں زیادہ ہو جاتی ہیں۔ ان کے سبب ٹانگ پر پیر میں سوجن ہو جاتی ہے اور رگوں کے اوپر کی جلد پر خارش ہو سکتی ہے۔ ویریکوز وین زیادہ تر ٹانگ کے پیچھے یا ٹخنوں کے پاس دکھائی دیتی ہیں۔

وجوہات:

1۔ موٹاپا۔ 2۔ حاملہ ہونا۔ 3۔ ماہواری بند ہو جانے کے بعد جسم میں ہارمونز کی تبدیلی۔ 4۔ ایسے مشاغل یا کام کاج، جن میں گھنٹوں کھڑا رہنا پڑتا ہو۔ 5۔ اگر خاندان میں قریبی رشتے داروں میں یہ مرض پایا جاتا ہو۔ 6۔ مریض کو ماضی میں رگوں سے وابستہ کوئی مرض رہا ہو۔ مثلاً تھرموفلیپائٹس (Thermophlepitis) وغیرہ۔

یاد رہے کہ بہت سے مقامات پر اس کا علاج ضروری نہیں ہوتا۔ تاہم پیچیدگی کی صورت میں ادویہ کا استعمال بلکہ یہاں تک کہ سرجری بھی ضروری ہو جاتی ہے۔ ویریکوز وین سے بچاؤ یا دوسری صورت میں درد میں کمی کے لئے مندرجہ ذیل تدابیر اختیار کی جانی چاہئے۔

1۔ بیٹھتے وقت ٹانگ پہ ٹانگ رکھ کر نہ بیٹھیں۔

2۔ روزانہ باقاعدہ ورزش کریں۔ جس میں بہتر ہے روزانہ تیس منٹ تیز چہل قدمی کریں۔

3۔ اپنے وزن کو مناسب حد میں رکھیں۔

4۔ بہت دیر تک کھڑے رہ کر کام نہ کریں۔ اگر آپ کے کام کی نوعیت ایسی ہے تو اپنے وزن کو ایک ٹانگ سے دوسری ٹانگ پر منتقل کرتے رہیں۔

5۔ ایسے زیر جامے استعمال مت کریں جو آپ کی کمر یا ٹانگوں کے گرد تنگ ہوں۔

6۔ خوراک میں ریشے دار پھلوں، سبزیوں اور اناج کا استعمال زیادہ کریں۔ قبض کی صورت میں یہ تکلیف بڑھ جاتی ہے۔

7۔ روزانہ ٹانگوں کی ورزش کیا کریں۔

8۔ سوتے وقت پیر سر کی نسبت اونچے رکھیں۔

9۔ کسی لمبے سفر کے دوران اگر کار میں ہیں۔ تو کار روک کر کچھ دیر چہل قدمی کریں۔ ٹرین میں اگر سٹیشن پر گاڑی دیر تک رکے تو اتر کر چہل قدمی کریں اور اگر جہاز میں سفر کر رہے ہیں تو کچھ وقفے کے بعد سیٹوں کے درمیان چلیں۔

ہماری جماعت کے مردوزن اور بچگان (خصوصاً واقفین نو) کو چاہئے کہ وہ ورزش اور سیر کو اپنا معمول بنا لیں اور کسی تکلیف وغیرہ کی صورت میں فوراً کسی کوالیفائیڈ ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ تا کہ علاج میں سستی نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحت والی لمبی زندگی دے اور دین کی مقبول خدمت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب

ایک سچا درویش

حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب

خاکسار کی پہلی ملاقات اس درویش صفت بزرگ سے 76-1975ء کے جلسہ سالانہ ربوہ میں ہوئی۔ جبکہ خاکسار کی ڈیوٹی تحریک جدید گیسٹ ہاؤس میں تھی۔ ابتدائی جان پہچان ہوئی پھر آئندہ جلسوں پر مزید انسیت بڑھتی چلی گئی۔

مارچ 1982ء میں خاکسار نے قادیان جانے کا ارادہ کیا، اور یہ میرا پہلا موقعہ تھا ویزا کا حصول مشکل تھا۔ انڈین ایمبیسی نے تین جگہوں قادیان، دہلی اور ممبئی کا ویزا دے دیا۔ وقت مقررہ پر بارڈر پیدل پار کرکے میں سفر کرتا ہوا شام پانچ بجے قادیان پہنچا۔

مغرب کی نماز پر حضرت صاحبزادہ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ اتنی اپنائیت، اتنا پیار، اتنا خلوص، اتنی محبت، اتنی شفقت میں بیان نہیں کرسکتا۔ حضرت میاں صاحب کی آنکھوں کی چمک بتا رہی تھی کہ ان میں آپ کا پیار چھلک رہا ہے۔ سلام اور دعا کے بعد پروگرام دریافت فرمایا۔ میں نے بتایا کہ سات دن قادیان اور پھر سات دن ممبئی رہنے کا ارادہ ہے۔

آپ نے فوراً میرا سات دن کا پروگرام بنا دیا۔ جس میں قادیان کی سیر کے علاوہ تعلیمی اداروں میں تقاریر تھیں۔ علماء کے ساتھ میرا ہر روز دن کے وقت اور شام کو پروگرام ہوتا۔ یوں یہ دن بڑی جلدی سے گزر گئے اس دوران خاکسار نے بیت الدعا میں خوب دعائیں کیں۔

قادیان جس کے ذروں نے مسیحا کے قدم چومے میں ان ذروں کو تلاش کرتا رہا۔ ان قدموں کے نشانوں پر قدم رکھنے کی کوشش کرتا رہا اور محویت کا عالم رہا۔ حضرت صاحبزادہ صاحب نے نہایت محنت، مشقت سے ان اقدار کو زندہ رکھا جو حضرت مسیح موعود نے قائم کی تھیں۔ قادیان کا بچہ بچہ اس بات کا گواہ ہے۔ نہایت باریک بین نگاہ سے تربیت کے ہر پہلو پر نظر تھی۔

حضرت صاحبزادہ صاحب کے ساتھ صبح شام ملاقات، باتیں اور آپ کی شفقتیں سمیٹنے کا موقع ملتا۔

سات دن پلک جھپکتے گزر گئے اور ممبئی جانے کا وقت آ گیا حضرت صاحبزادہ صاحب نے نہایت شفقت سے میرا ممبئی تک کا پروگرام بنا دیا تھا اور ممبئی میں مکرم مولانا محمد حمید کوثر صاحب مربی سلسلہ کو پہلے اطلاع کردی تھی۔ خاکسار ٹرین کے ذریعہ سفر کرتا ہوا بمبئی پہنچا۔ بھارت میں روحانیت کا بلند ترین شہر قادیان دیکھا اور پھر ہندوستان کا ترقی یافتہ شہر ممبئی دیکھا۔ مگر جو سکون آرام اور راحت قادیان میں پائی وہ اور کہاں نصیب ہو سکتی تھی۔ سات دن کے بعد واپس قادیان پہنچا تو حضرت صاحبزادہ صاحب سے ملاقات کرنے کیلئے گھر گیا آپ گھر سے باہر تشریف لائے اور نہایت پیار اور محبت سے مجھے الوداع کہا اور ایک تصویر بنائی۔ جو آج بھی میری البم کی زینت ہے۔ سفر کے حالات دریافت کئے اور قادیان میں قیام کے دوران کسی قسم کی تکلیف پہنچنے پر معذرت کی۔ جبکہ خدا کے فضل سے نہایت محبت و پیار سے رکھا گیا تھا۔

2004ء میں قادیان جانے کا موقعہ ملا۔ اتنے لمبا عرصہ کے بعد جب حضرت میاں صاحب سے ملاقات ہوئی تو آپ نے سینے سے لگا لیا اور حال احوال دریافت کیا۔

حضرت صاحبزادہ صاحب سے آخری ملاقات 2006ء کے جلسہ پر ہوئی۔ یہ فرشتہ صفت درویش اپنی زندگی کا لمحہ لمحہ خدا کی رضا کی خاطر گزار کر دنیا سے رخصت ہو گیا۔

2004ء کے جلسہ سالانہ پر قادیان کے قریبی گاؤں ننگل میں جانے کا اتفاق ہوا۔ ایک سکھ زمیندار زمین سے شلغم اور مولیاں نکال رہا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا قادیان والوں کے ساتھ کیسا تعلق ہے۔ کہنے لگا مرزا جی بہت اچھے ہیں۔ اتنے اچھے کہ بتا نہیں سکتا۔ میری بچیوں کی شادی پر میری بہت مدد کی۔ ہر طرح سے ہمارا خیال رکھتے ہیں۔ میں ان سے اکثر ملتا رہتا ہوں۔

اس واقعہ سے حضرت صاحبزادہ صاحب کا پڑوسی لوگوں کے ساتھ تعلق عیاں ہوتا ہے۔ اپنے اور غیر سب آپ کے مدح تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ نے خطبہ جمعہ میں کسی دوست کے خط سے یہ بات پڑھ کر سنائی کہ خوب لکھا ہے کہ ایک درویش جس نے مجاہدانہ زندگی بسر کی۔ اللہ تعالیٰ حضرت صاحبزادہ صاحب کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور اعلیٰ علیّین میں جگہ عنایت کرے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

دنیا کے امیر ترین افراد کی فہرست

نمبرشمار	نام	شہریت	عمر	کل رقم یو ایس ڈالر	رہائش
1	ولیم بل گیٹس	امریکہ	51 سال	56 بلین	امریکہ
2	وارن بفٹ	امریکہ	76	52	امریکہ
3	کارلوس سلم ہیلو	میکسیکو	67	49	میکسیکو
4	انگ وار کیمپڈ اینڈ فیملی	سویڈن	80	33	سوئٹزرلینڈ
5	لکشمی میتل	بھارت	56	32	برطانیہ
6	شیلڈن ایڈلسن	امریکہ	73	26.5	امریکہ
7	برنارڈ آرنلٹ	فرانس	58	26	فرانس
8	آمینکو اورٹیگا	سپین	71	24	سپین
9	لائی کا شنگ	ہانگ کانگ	78	23	ہانگ کانگ
10	ڈیوڈ تھامس اینڈ فیملی	کینیڈا	49	22	کینیڈا
11	لارنس ایلسن	امریکہ	62	21.5	امریکہ
12	لیلانی بیٹن کورٹ	فرانس	84	20.7	فرانس
13	پرنس الولید بن طلال السعود	سعودی عرب	50	20.3	سعودی عرب
14	مکیش امبانی	بھارت	49	21.1	بھارت
15	کرل البریکٹ	جرمنی	87	20	جرمنی
16	رومان ابرومووچ	روس	40	18.7	انگلینڈ
17	سٹیفن پرسن	سویڈن	59	18.4	سویڈن
18	انیل امبانی	بھارت	47	18.2	بھارت
19	پال ایلن	امریکہ	54	18	امریکہ
20	تھیو البریکٹ	جرمنی	84	17.5	جرمنی
21	اعظم پریم جی	بھارت	61	17.1	بھارت
22	لی شاؤ کی	ہانگ کانگ	79	17	ہانگ کانگ
23	جم والٹن	امریکہ	59	16.8	امریکہ
24	کرسٹی والٹن اینڈ فیملی	امریکہ	52	16.7	امریکہ
25	ایس رالبسن والٹن	امریکہ	63	16.7	امریکہ
26	سرگری برین	امریکہ	33	16.6	امریکہ
27	میری پیچ	امریکہ	34	16.6	امریکہ
28	ایس والٹن	امریکہ	57	16.6	امریکہ
29	ہیلن والٹن	امریکہ	87	16.4	امریکہ
30	مائیکل ڈیل	امریکہ	42	15.8	امریکہ
31	سٹیون بلمر	امریکہ	51	15	امریکہ

صبر کر

حُبِ دنیا سے یہ دل خود بے مزہ ہو جائے گا
قید میں جکڑا ہوا پنچھی رِہا ہو جائے گا
خام ہے عشق ابھی تیری ریاضت، صبر کر
پھل پکے گا جب تو ٹہنی سے جدا ہو جائے گا

ا۔ع۔ ملک

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 71514 میں طارق منیب

ولد محمد صدیق (مرحوم) قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-5-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مشترکہ زرعی اراضی 7 کنال واقع احمد نگر ربوہ کا حصہ (اس میں 6 بہنیں 2 بھائی اور والدہ حصہ دار ہیں)۔(2) رہائشی مکان برقبہ 4 1 9 مربع فٹ اندازاً مالیتی -/275000 ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 ڈالر ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ طارق منیب ۔گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد خالد ۔ گواہ شد نمبر 2 ھبۃ الرحمٰن مبشر

مسل نمبر 71515 میں ریحان اکرم باجوہ

ولد محمد اکرم باجوہ قوم جٹ باجوہ پیشہ ملازمت عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان برقبہ 1400 مربع فٹ مالیتی اندازاً -/300000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1800 ڈالر ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔ ریحان اکرم باجوہ ۔گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد خالد ۔ گواہ شد نمبر 2 نجیب احمد مبشر

مسل نمبر 71516 میں طاہر احمد چوہدری

ولد عبدالباری چوہدری قوم گجر پیشہ طالب علم عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 19-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ طاہر احمد چوہدری۔ گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد خالد ولد میاں غلام احمد۔ گواہ شد نمبر 2 نجیب احمد مبشر ولد مبشر احمد خالد

مسل نمبر 71517 میں امتہ الکریم طیبہ

زوجہ منیب اللہ خاں قوم خاں پیشہ خانہ داری عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 13-9-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور ساڑھے چونتیس تولے (2) حق مہر بذمہ خاوند -/7000 کینیڈین ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ ۔ امتہ الکریم طیبہ ۔گواہ شد نمبر 1 مجید اللہ خاں ولد عبداللہ خاں ۔گواہ شد نمبر 2 منیب اللہ خاں خاوند موصیہ

مسل نمبر 71518 میں یاسمین رحمان

بنت حفیظ الرحمٰن (مرحوم) قوم شیخ پیشہ خانہ داری عمر 42 سال بیعت 1985ء ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 30-8-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مشترکہ مکان از ترکہ واقع کراچی اندازاً مالیتی -/6000000 روپے کا حصہ (اس میں ہم 5 بہنیں 6 بھائی حصہ دار ہیں)۔(2) طلائی زیور 13 تولے مالیتی -/2920 ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ -/428 ڈالر ماہوار بصورت امداد از گورنمنٹ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ یاسمین رحمان ۔گواہ شد نمبر 1 عبدالرشید یحيٰی وصیت نمبر 21165۔ گواہ شد نمبر 2 شفیق الرحمٰن ولد حفیظ الرحمٰن (مرحوم)

مسل نمبر 71519 میں جواد احمد ریحان

ولد ریحان احمد نثار قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 11-4-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/50 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔ جواد احمد ریحان ۔گواہ شد نمبر 1 محمد احمد عمران ولد نثار احمد۔ گواہ شد نمبر 2 ریحان احمد نثار والد موصی

مسل نمبر 71520 میں اعجاز احمد

ولد سراج الدین قوم للہ جٹ پیشہ ریٹائرڈ عمر 68 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 26-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان برقبہ 150.89 مربع میٹر قیمت خرید -/1650000 روپے واقع جوہر ٹاؤن لاہور۔ اس وقت مجھے مبلغ -/9600 کینیڈین ڈالر سالانہ بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ اعجاز احمد۔ گواہ شد نمبر 1 محمود احمد ولد محمد سعد۔ گواہ شد نمبر 2 ندیم طاہر ولد ناصر طاہر

مسل نمبر 71521 میں ریحان لطیف شرما

